21/04/2025

12.30 PM(5 min)p

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  عابدہ اختر سے خبریں سُنئے

سول سروس ڈے

قوم آج17 واں سول سروس ڈے منا رہی ہے ۔ اس موقعہ پر وزیر اعظم نریندر مودی نئی دلی میں سول سروس کے افسران سے خطاب کیا ۔ انہوں نے اس موقعہ پر شناخت شدہ ترجیحی پروگراموں کے موثر نفاذ کے لئے افسران کو پرائم منسٹرایوارڈز سے نوازا۔

وزیر اعظم ان پروگراموں کے کامیاب نفاذ سے جڑی کہانیوں کے تعلق سے ایک ای ۔ بُک کو بھی اجراءکیا ۔ انہوں نے کہا کہ سردار ولبھائی پٹیل نے ملک کی بیوروکریسی کی بنیاد کو دیانت داری اور محنت جیسے اقدار کے ساتھ جوڑا ہے ، جو دور حاضر میں وکست بھارت کے خوابوں کو پورا کرنے میں کلیدی رول ادا کر رہے ہیں ۔

مبارکبا

سول سروسز ڈے کے موقع پر مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے تمام سول سروس افسران کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پیغام میں انہوں نے اپنے سول سروس افسران کو ملک کی تعمیر و ترقی اور اسے مزید مستحکم اور شمولیاتی بنانے میں اُن کے رول کو اجاگر کیا۔ انہوں نے بتایا کہ سول سروس افسران ہمارے ملک میں جمہوریت کے تقدس کو برقرار رکھنے اور وکست بھارت کا خواب شرمندہ تعبیر کرنے میں کلیدی رول ادا کرتے ہیں۔

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سول سروسز ڈے کے موقع پر سول سروس افسران کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سول سروس افسران نے ہمیشہ قومی اہداف کو حاصل کرنے میں موثر طریقے پر منصوبہ بندی اور نفاذ کے عمل کو انجام دیا ہے۔

رام بن

رام بن ضلع مینشدید بارشوں ، ژالہ باری اور پتھر گرنے کے واقعات کے بعد بچاو

---

کا روائیاں شدو مد سے جاری ہیں اور انتظامیہ متاثرہ علاقوں میں لوگوں کی راحت رسانی کے ۂ لئے کام کر رہی ہے۔گذشتہ روز ضلع کے سیری علاقے میں بادل پھٹنے کے بعد ایک سو سے زیادہ افراد کوبچا لیا گیا تھا۔

اس دوران ڈپٹی کمشنر رام بن بصیر الحق چودھری نے کہا ہے کہ رام بن کے 9 مقامات پر پتھر گرنے کے واقعات سے قومی شاہراہ پر ٹریفک کی نقل و حرکت آج دوسرے روز بھی بند ہے ۔ انہوں نے کہا کہ شاہراہ کو قابل آمد رفت بنانے کے لئے ضروری مشینری اور افرادی قوت کو تعینات کیا گیا ہے ۔

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو کے ساتھ بات کرتے ہوئے ڈی سی موصوف نے مزید کہا ۔

جاوید احمد ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے شدیدبارشوں اور ژالہ باری سے کھیتوں اور میوہ باغوں کو ہوئے نقصان پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ وزیر موصوف نے زراعت اور باغبانی محکموں کو فوری طور پر نقصان کا جائزہ لینے کی ہدایت دی ہے ۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کی قیادت والی حکومت مشکل کی اس گھڑی میں کاشت کار طبقے کے ساتھ شانہ بہ شانہ کھڑی ہے ۔

موسم

وادی میں موسلادھار بارشوں اور ژالہ بھاری کے بعد اب کافی حد تک موسم میں بہتری آئی ہے ۔ محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق اگلے 24 گھنٹوں کے دوران وادی کے اکثر علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

اِدھرسرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک آج دوسرے روز بھی بند ہے اور آج صبح سے موسم خوشگوار ہونے کے باعث شاہراہ کی بحالی کا کام شد و مد سے جاری ہے ۔ٹریفک حکام نے مسافروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ سنتھن روڑ اور سرینگر - سونہ مرگ روڑ کی مکمل بحالی تک اس پر سفر نہ کریں ۔

منشیات پروگرام

گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول بارہمولہ میں منشیات مخالف بیداری پروگرام منعقد کیا گیا، جس کا مقصد منشیات کے تباہ کن نتائج سے نوجوان ذہنوں کو حساس بنانا ہے۔ اس پروگرام میں سول و پولیس انتظامیہ کے کئی اہلکاروں نے اپنے خطاب میں نوجوان نسل کو منشیات سے دور رہنے کی تاکید کی ، تاکہ وہ اپنے مستقبل کو سنوار سکےں ۔

ٹولپ گارڈن

موسم بہار کے چلتے ان دنوں وادی میں سیاحوں کی ایک بڑی تعداد موجود ہے۔ دیگر سیاحتی مقامات کے علاوہ ان دنوں سرینگر کے ٹولپ گارڈن میں سیاحوں کی خاصی رونق ہے۔کل مزید 20 ہزار 319 سیلانیوں نے باغ گل لالہ کی سیر کی۔ اس طرح سے اس سال اب تک مجموعی طور پر ٹولپ گارڈن جانے والے سیاحوں کی تعداد 8 لاکھ 14 ہزار 727 ہو گئی ہے۔

جرمانہ

لیگل میٹرولوجی ڈیپارٹمنٹ نے سرینگر کے بازاروں میں کم وزنی جانوروں کی فیڈ تقسیم کرنے پر ایک لاکھ پچاس ہزار روپے کا بھاری جرمانہ عائد کیا ہے۔صارفین کو Flour Mill پر ایک مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ خریداری کے وقت صحیح وزن کی جانچ پڑتال کے لئے مصدقہ میزان کا ہی استعمال کریں۔ محکمہ نے تمام کار خانہ داروں اور تاجروں پر زور دیا ہے کہ وہ اعلیٰ معیارات کو بر قرار رکھیں ۔ محکمہ نے صارفین سے کہا ہے کہ وہ تاجروں کی طرف سے کسی بھی شکایت یا عدم تعاون کی صورت میں، محکمہ کے ساتھ رابطہ قائم کریں۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ